تعارف

اس ماڈیول میں معیشت کے معنیٰ ،معیشت کے مختلف اقسام اور ملکیت اور وسائل کے کنٹرول کی بنیاد کو مختلف معاشی تنظیموں کے بارے میں بات کی گئی ہے۔اس ماڈیول میں معاشی نمو اور معاشی ترقی کے تصورات کے بارے میں بات کی گئی ہے اور دونوں کے درمیان تفریق کی گئی ہے۔

فرہنگ اصطلاحات

فطری اشیا (Free goods)	:	قدرت کے مفت عطیات۔
معیشت (Economy)	:	ایک فریم ورک (بنیادی نظام) جہاں تمام معاشی سرگرمیاں انجام دی جاتی ہیں۔
سرمایہ دارانہ معیشت (Capitalist economy)	:	وہ معیشت جس میں پیداوار تمام ذرائع کے ملکیت اور کنٹرول نجی افراد کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔
مخلوط معیشت (Mixed economy)	:	وہ معیشت جس میں عوامی اور نجی سیکٹر ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔
ترقی یافتہ معیشت (Developed economy)	:	اونچی قومی اور فی کس آمدنی، پونجی کی تشکیل کی اونچی شرح ،اعلیٰ تعلیم یافتہ انسانی وسائل، عمدہ معاشی، صحت اور صفائی و ستھرائی سے متعلق سہولیات والے ممالک۔
ترقی پذیر معیشت (Developing economy)	:	وہ ممالک جہاں قومی اور فی کس آمدنی کم ہو، تشکیل اصل (پونجی) کی شرح کم ہو، پچھڑی زراعت، معاشیات، صحت اور صفائی و ستھرائی کی سہولیات کمزور ہوں۔
معاشی نمو (Economy growth)	:	قومی اور فی کس آمدنی میں جاری اضافہ۔
معاشی ترقی (Economic development)	:	معیار زندگی / زندگی کی کوالٹی میں بہتری کے ساتھ معاشی نمو۔
فی کس آمدنی (Per capita income)	:	اوسط فی کس قومی آمدنی

$$\text{فی کس آمدنی} = \frac{\text{قومی آمدنی}}{\text{آبادی}}$$

- ہر معیشت کا واحد مقصد اس کے محدود وسائل کے ساتھ انسانی احتیاجات کو مطمئن کرنا ہے۔
- معیشت ایک بنیادی نظام (فریم ورک ہے) جس میں سبھی معاشی سرگرمیاں انجام دی جاتی ہیں۔

- معاشی سرگرمیوں کی سطحیں بدلتی رہتی ہیں۔
- معاشی سرگرمیوں میں پیداوار، صرف اور سرمایہ کاری شامل ہے۔
- سبھی معیشتوں مس زر (money) کو مبادلے کے ذریعہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔
- پیداوار کے ذریعہ یہ ملکیت اور کنٹرول کی بنیاد پر معیشتوں کی درجہ بندی سرمایہ دارانہ معیشت، سوشلسٹ معیشت اور مخلوط معیشت کے طور پر کی جاتی ہے۔
- سرمایہ دارانہ معیشت کو آزاد انٹر پرائز معیشت بھی کہا جاتا ہے اور اس کی درج ذیل خصوصیات ہوتی ہیں: نجی جائیداد، انٹر پرائز (کاروباری مہم جوئی) کی آزادی، صارف کا اقتدار اعلیٰ، نفع کمانے کا محرک، پیداکاروں کے درمیان مسابقت، حکومتی مداخلت کا نہ ہونا اور قیمت کی میکانیت کا کام کرنا۔
- سوشلسٹ (اشتراکی) معیشت جسے منصوبہ بند معیشت بھی کہا جاتا ہے، میں پیداوار کے ذرائع کی ملکیت اجتماعی طور پر ہوتی ہے۔ سماجی بہبود کو زیادہ سے زیادہ انجام دینے کے مقصد کے ساتھ فیصلے اختیار کیے جاتے ہیں۔ معاشی فصلوں کے لیے معاشی منصوبہ بندی انجام دی جاتی ہے۔ کوئی طبقاتی کشاکشی نہیں ہوتی اور اس طرح کی معیشت آمدنی کی نابرابری کو کم کرنے کی اہل ہوتی ہے۔
- مخلوط معیشت میں سرمایہ دارانہ معیشت کے ساتھ ساتھ سوشلسٹ معیشت کے کچھ عناصر موجود ہوتے ہیں۔ پیداواری اکائیوں کی مالک حکومت بھی ہوتی ہے اور نجی کاروباری اداروں کی بھی ملکیت میں بھی ہوتی ہے۔ حکومت سماجی بہبود کی بنیاد پر یہ کام کرتی ہے اور نجی کاروبار نفع کمانے کے محرک پر یہ کام کرتا ہے۔ افراد کو صرف اور پیشے کے انتخاب کی آزادی ہوتی ہے۔ معاشی منصوبہ بندی موجود ہوتی ہے اور وسائل کو مختص کرنے میں بھی قیمتوں کا اہم رول ہوتا ہے۔
- ترقی پذیر معیشتیں کم تر اور ترقی کی سیڑھی طے کررہی ہوتی ہیں۔ قومی آمدنی اور فی کس آمدنی کم تر ہوتی ہے اور اس میں زراعت اور صنعتی سیکٹر کم بچت، سرمایہ کاری اور پونجی کی کم تشکیل کے ساتھ پسماندہ ہوتے ہیں۔ لوگوں کا معیار زندگی کم تر ہوتا ہے اور صحت سے متعلق سہولیات کمزور ہوتی ہیں۔
- ترقی یافتہ معیشتوں میں اونچی قومی اور فی کس آمدنی، اعلیٰ معیار زندگی، اونچی بچت، سرمایہ کاری اور اعلیٰ پونجی تشکیل ہوتی ہے۔ صنعتی اور سماجی بنیادی ساخت اور سہولیات ترقی یافتہ ہوتی ہے۔
- معاشی نمو ایک قلیل مدتی پیمانہ ہے اور اس سے عمومی مراد حقیقی مفہوم میں قومی آمدنی اور فی کس آمدنی میں سال درسال اضافے سے ہے۔
- جب کہ دوسری طرف معاشی ترقی ایک طویل مدتی پیمانہ ہے۔ اس میں نہ صرف معاشی نمو شامل ہے بلکہ وہ مختلف معاشی تبدیلیاں بھی شامل ہیں جو ملک کے عوام کی زندگی کی کوالٹی کو بہتر بناتی ہیں۔
- معاشی ترقی کا تعین معاشی اور غیر معاشی عوامل دونوں کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

خود قدر شناسی کیجیے

1۔ پیداوار کے ذرائع کی ملکیت اور کنٹرول کی بنیاد پر معیشتوں کو کس طرح درجہ بند کیا جاتا ہے؟

2۔ مخلوط معیشت کی اہم خصوصیات واضح کیجیے۔

3۔ ایک ترقی یافتہ اور ترقی پذیر معیشت کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

4۔ معاشی نمو کی نسبت معاشی ترقی کس طرح ایک وسیع تصور ہے؟